# بائبل مُقدس کے پیغامات دیکھنا، سیکھنا، اور عمل کرنا۔

پادری فیصل جان: از گریس بائبل چرچ پاکستان

خُداوند کا کلام ہم سب کے لیے آئینہ ہے، اِس لیے ہم اس میں سے تین باتوں کے بارے میں سیکھے گے۔ دیکھنا، سیکھنا اور عمل کرنا۔

خُداوند یسوع مسیح کے جلالی اور مقدس نام میں آپ سب کی سلامتی ہو۔

اور یوحنا کو اُس کے شاگردوں نے اِن سب باتوں کی خبر دی، اُس پر یوحنا نے اپنے شاگردوں میں سے دو کو بُلا کر خُداوند کے پاس یہ پوچھنے کو بھیجا کہ آنے والا تُو ہی ہے یا ہم دوسرے کی راہ دیکھیں، اُنھوں نے اُس کے پاس آ کر کہا یوحنا بپتسمہ دینے والے نے ہمیں تیرے پاس یہ پوچھنے کو بھیجا ہے کہ آنے والا تو ہی ہے یا ہم دوسرے کی راہ دیکھیں؟

لوقا کی انجیل 7:18-20

جب ہم اِس حوالے کو پڑھتے ہے تو یہ حوالہ 8 آیت سے لے کر 35 آیت تک ہے لیکن میں چاہتا ہوں کہ ہم تھوڑا تھوڑا کر کے اِس میں سے سیکھے۔ سو سب سے پہلی بات ہم سیکھے گے کہ یوحنا کے شاگردوں نے آ کر یوحنا کو اِن تمام باتوں کی خبر دی ہے، سو سب سے پہلی بات کہ یوحنا کے شاگردوں نے یوحنا کو جا کر یسوع کے کن کاموں کی خبر دی؟ اور دوسری بات یوحنا کہا پر تھا؟ تیسری بات ہم آگے چل کر دیکھے گے کہ جب یوحنا کے شاگرد یسوع مسیح کو ملنے آئے تو یسوع مسیح نے کیا جواب دیا؟

## 1- یوحنا کہا پر تھا؟

18 آیت میں لکھا ہے کہ یوحنا کو اُس کے شاگردوں نے اِن باتوں کی خبر دی۔ سو سب سے پہلا سوال کیا آپ جانتے ہے کہ یوحنا اِس وقت کہا پر ہے؟ یوحنا بپتسمہ دینے والا قید خانہ میں تھا (متی 11:2)۔ اب ایک اور سوال کہ وہ کیوں قید میں ہے؟ کیونکہ ہیرودیس نے اپنے بھائی فلپّس کی بیوی ہیرودیاؔس کے سبب سے یوحنا کو پکڑ کر باندھا اور قید خانہ میں ڈال دیا تھا، کیونکہ یوؔحنا نے اُس سے کہا تھا کہ اِس کا رکھنا تجھے روا نہیں (متی 14:3-4)۔ سو جب ہم اِس حوالہ کو پڑھتے ہے تو ہمیں پتا چلتا ہے کہ کس وجہ سے یوحنا کو قید میں ڈالا گیا تھا، کس وجہ سے ہیرودیس نے اُسے بند کر دیا تھا۔ اور اُس کی وجہ کیا تھی کہ یوحنا نے خُدا کا نبی ہوتے ہوئے سچ بولا تھا۔

کیونکہ یوحنا اُس سے نہ ڈرا اور نہ ہی گھبرایا اُس نے سچ بولنے سے اپنا منہ نہ پھیرا، اِسی وجہ سے یوحنا کو قید خانہ میں ڈال دیا گیا۔ سو یوحنا قید میں ہے اور اُس کی قید کی وجہ کیا ہے کہ اُس نے سچ بولا ہے کیونکہ اُس نے ہیرودیس کو کہا تھا کہ جو کچھ تو اپنے بھائی کی بیوی کے ساتھ کر رہا ہے وہ روا نہیں۔ وہ تعلقات خُدا کی نظر میں نا قابل قبول ہے۔ اور اُس کے بھائی فلپس کی بیوی جس کا نام ہیرودیاس تھا وہ یوحنا سے بہت ناراض تھی۔ جب ہم آگے جا کر پڑھتے ہے تو ہمیں پتا چلتا ہے کہ ہیرودیاس کی بیٹی نے ناچ کر ہیرودیس کو خُوش کیا۔ اُس دور میں جشن منایا جاتا تھا اور جب ہیرودیس خوش ہوتا ہے تو اِس پر اُس نے قسم کھا کر وعدہ کیا کہ جو تو مانگے گی وہ میں تجھے دوں گا۔

تو پھر کیا ہوتا ہے؟ اُس نے اپنی ماں کے سکھائے ہوئے کے مطابق کہا کہ مجھے یوحنا بپتسمہ دینے والے کا سر ابھی تھال میں منگوا دے۔ بادشاہ اِس بات سے غمگین ہوا لیکن اپنی قسموں اور مہمانوں کے سبب سے اُس نے حکم دیا کہ دے دیا جائے اور آدمی بھیج کر قید خانہ میں یوحنا کا سر کٹوا دیا۔ اور اُس کا سر تھال میں لایا گیا اور اُس لڑکی کو دے دیا گیا اور وہ لڑکی تھال اپنی ماں کے پاس لے گئی۔ اور اُس کے شاگردوں نے آ کر لاش اُٹھائی اور اُسے دفن کر دیا اور جا کر یسوع کو خبر دی۔

صرف ایک سچ بولنے کے باعث یوحنا کو اپنی جان سے ہاتھ دھونا پڑا۔ سو اِس جھوت سے بھری ہوئی دنیا میں ہم یوحنا سے سیکھتے ہے کہ اگر ہم سچ سے واقف ہے تو سچ بولنے سے کبھی بھی پیچھے نہ ہٹے۔ خُدا کا کلام کہتا ہے کہ بہتر ہے کہ تم سچ بول کر یا راستبازی یا درست کام کر کے سزا پاؤ اِس کا اجر بڑا ہے، نہ کہ تم چوری کر کے تماچے، مُکے، اور بُری باتوں کا سامنا کرو اور اُس کے باعث دُکھ اُٹھاؤ۔ ہمیں یوحنا کی زندگی سے سیکھنے کی ضرورت ہے کہ اُس نے جانتے ہوئے بھی کہ اُس کے سچ کا کیا انجام ہوگا اِس کے باوجود بھی اُس نے سچ بولا۔

سو یہاں پر یہی بات لوقا طبیب لکھتا ہے کہ یوحنا کو اُس کے شاگردوں نے آ کے خبر دی ہے بائبل مقدس یوحنا بپتسمہ دینے والے کی نسبت بیان کرتی ہے کہ یہ بہت ہی زبردست خُدا کا خادم تھا جس نے اپنی خدمت کو سرانجام دیا۔ یوحنا بپتسمہ دینے والے کے لئے نبوت کی تھی کہ خُداوند اپنی راہ تیار کرنے کیلئے ایک نبی کو بھیجے گا اور یہ بات جو یسعیاہ نبی کہتا ہے یہ یوحنا بپتسمہ دینے والے کیلئے کہی گئی تھی۔ یوحنا بپتسمہ دینے والے کے بارے میں ہمیں پتا چلتا ہے کہ یہ اونٹ کے بالوں کی پوشاک پہنے اور چمڑے کا پٹکا اپنی کمر سے باندھے رکھتا تھا۔ اور وہ جنگلی شہد، ٹڈیاں کھاتا تھا، اور اُس نے بہت سے لوگوں کو سچ کا پیغام سنایا۔ اور اِس کا پیغام تھا کہ توبہ کرو کیونکہ آسمان کی بادشاہی نزدیک آ گئی ہے۔

## 2- یوحنا کے شاگردوں نے یوحنا کو کون سی باتوں کی خبر دی؟

اور یوحنا کو اُس کے شاگردوں نے اِن باتوں کی خبر دی۔ جب ہم اِس سے پچھلے باب کو پڑھتے ہے تو ہمیں پتا چلتا ہے کہ یسوع مسیح نے دو معجزے کئے ہے۔ ایک صوبیدار کے نوکر کو شفادی اور دوسرا یسوع مسیح نے بیوہ کے بیٹے کو جو مر گیا تھا اُسے مردوں میں سے زندہ کیا ہے۔ سو اِن باتوں کی جا کر شاگردوں نے خبر دی ہے۔ کیونکہ یسوع مسیح کے معجزات کے باعث اُس کی شہرت اردگرد پھیل گئی تھی (لوقا 7:16-17) اور پھر سب پر دہشت چھا گئی، سب حیران ہو گئے، پریشان ہو گئے اور وہ خُدا کی تمجید کر کے کہنے لگے کہ ایک بڑا نبی ہم میں سے برپا ہوا ہے اور خُدا نے اپنی اُمت پر توجہ کی ہے۔

آپ سب کو یاد ہوگا کہ یسوع مسیح کے بارے میں موسیٰ نے کیا کہا تھا کہ خُداوند خُدا ہم میں سے اپنے ہی بھائیوں میں سے ایک نبی برپا کرے گا، اور وہ نبی اپنے لوگوں کی رہنمائی کرے گا، اُن کو خُدا کی آواز خُدا کا پیغام سنائے گا۔ اور 17 آیت میں لکھا ہے کہ اور اُس کی نسبت یہ خبر سارے یہودیہ اور تمام گردونواح میں پھیل گئی۔ جب یسوع مسیح نے دو معجزے کئے، صوبیدار کے نوکر کو ٹھیک کیا جو فالج کا مریض تھا، اور اِس کے بعد جب یسوع مسیح نے بیوہ کے بیٹے کو زندگی دی ہے تو اِن دونوں معجزوں کے باعث یسوع مسیح کے بارے میں خبر پھیل گئی ہے۔

اور یہ بہت عجیب خوشی کی بات اور اِس کے باعث جو شاگرد یوحنا کے تھے اُن کو پتا تھا کہ یوحنا قید میں ہے اور وہ ان تمام باتوں کی خبر جا کر یوحنا کو دیتے ہے۔ مجھے یاد ہے کہ کچھ مہینے پہلے ایک خاتون سن کر آئی اور اُس نے مجھ سے کہا کہ پادری صاحب میں نے سنا ہے کہ آپ نے ہمارے گاؤں کی ایک عورت کے لئے دُعا کی اور اُس دعا کے باعث اُس عورت کی بیماری سے اُس کو شفا مل گئی۔ وہ بزرگ عورت میرے پاؤں چھونا شروع ہوگئی اور مجھے بابا جی کہنا شروع ہوگئی۔ کہ میں آپ کے بارے میں سُن کر آئی ہوں میرے لئے دُعا کرے کیونکہ جب میں اپنے گھر میں قرآن مجید کو پڑھتی ہوں تو عجیب سا خوف چھا جاتا ہے (وہ عورت مسلم تھی)۔

وہ کہنا شروع ہوگئی کہ ہمارے گھر میں سکون نہیں، ہمارے گھر میں بیماری ہے، مجھے خود پتھریوں کی بیماری ہے، وہ کہنے لگی کہ مجھے ابلیس کے بہت سے ڈراونے خواب آتے ہے ہمارا گھر بہت ہی مشکل میں ہے۔ میں آپ کے بارے میں سن کر آئی ہوں آپ میرے لئے دُعا کرے مجھے شفا ملے گی۔ تو میں نے اُس سے کہا کہ سب سے پہلے میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ میں نہ ہی کوئی پیر ہوا اور نہ ہی کوئی بابا جی ہوں۔ ہاں لیکن میں اُسے جانتا ہوں جو آپ کو شفا دے سکتا ہوں اور اُس کا نام یسوع مسیح ہے۔ اگر آپ اُس پر ایمان رکھو گی تو آپ کے ایمان کے مطابق وہ آپ کو شفا دے گا۔ صرف وہی آپ کو رہائی دے سکتا ہے کیونکہ اُسے آسمان اور زمین کا کُل اختیار ہے وہ مردوں میں سے جی اُٹھا ہے۔

اُس نے مُردے زندہ کئے ہے وہ آپ کی بیماری بھی ٹھیک کرسکتا ہےاوراُس عورت نے جواب میں کہا کہ میں یسوع مسیح پر ایمان رکھتی ہوں۔اور میں نے اُس کیلئے دُعا کی اور کے بعد وہ اپنے گھر چلی گئی اور اگلے ہی ہفتے آ کر اُس نے گواہی دی کہ اب جب میں دُعا کرتی ہوں تو مُجھے سکون ہے اب مجھے کوئی پریشانی نہیں۔میری جو پتھریوں کی بیماری تھی وہ بھی جاتی رہی ہے اب میں بہت سکون سے ہوں۔اور میں نے اُس سے کہا تھا کہ جب بھی مشکل آئے تو کہنا کہ یسوع میری مدد کر۔سو جیسے وہ عورت سُن کر میرے پاس دُعا کروانے کیلئے آئی اِسی طرح یہاں پر ہم دیکھتے ہے کہ یسوع مسیح نے دو معجزے کئے ہے اور بہت سے معجزے اور بھی کئے ہے اور اُس کے تمام معجزات کے باعث لوگ حیران ہے پریشان ہے خُدا کی تمجید کررہے ہے اور لوگوں نے اردگرد خبر پھیلا دی ہے۔نہ ہی اشتہار لگانے کی ضرورت پڑی بلکہ خود لوگ ہی اشتہار بن گئے کہ ہمارے درمیان ایک بڑا نبی برپا ہوا ہے۔

## 3- یسوع مسیح یوحنا کے شاگردوں کو کیا جواب دیتا ہے؟

اور جب لوگوں نے یہ بات کہی تو لوگ موسیٰ کی بات دہرا رہے تھے کہ ایک نبی آئے گا جو خُدا کے لوگوں کو رہائی دے گا۔اور 18 آیت میں یوحنا کے شاگردوں نے یوحنا کو اِن سب باتوں کی خبر دی۔جب ہم 21 آیت کو پڑھتے ہے تو یوحنا کے شاگرد یسوع کے پاس آ کر کہتے ہے کہ یوحنا نے ہم کو پوچھنے کو بھیجا ہے کہ کیا جس کا ہم انتظار کررہے ہے تو وہی ہے یا پھر ہم کسی اور کا انتظار کرے۔اور اُس نے بتھیروں کو بیماریوں اور آفتوں اور بدروحوں سے نجات بخشی اور بہت سے اندھوں کو بینائی عطا کی۔اُس نے جواب میں اُن سے کہا کہ جو کچھ تم نے دیکھا اور سُنا ہے جا کر یوحنا سے بیان کرو کہ اندھے دیکھتے ہے، لنگڑے چلتے پھرتے ہے، کوڑھی پاک صاف کئے جاتے ہیں، بہرے سنتے ہیں، مُردے زندہ کئے جاتے ہے، غریبوں کو خوشخبری سنائی جاتی ہے، مبارک ہے وہ جو میرے سبب سے ٹھوکر نہ کھائے۔یہ سب باتیں خُداوند یسوع مسیح نے یوحنا کے شاگردوں کو کہی۔

اور خُداوند یسوع مسیح نے کہا کہ دیکھو، سنو، اور سیکھو اور جا کر یوحنا کو بتاؤ کہ تم نے کیا دیکھا ہے اِس لئے آج کا سبق جو ہمارے لئے ہے کہ ہم یوحنا کی طرح سچ بولنے سے پیچھے نہ ہٹے۔یوحنا نے سچ بولا اور اُس نے اپنا سر کٹوا لیا، ہمیں پنسل، کتاب، سائیکل یا پھر موٹر سائیکل چند پیسوں، یا پھر اپنی عزت، یا پھر اپنے گھمنڈ کے باعث یا اپنے آپ کو بڑا کرنے کے باعث جھوٹ بولنے کی ضرورت نہیں۔بہتر ہے کہ ہم اپنے آپ کو صاف کرے بجائے اِس کے کہ اپنے آپ کو بڑھانے کیلئے جھوٹ بولے، بہتر ہے کہ کسی سے مانگ لے کہ بھائی مجھے پنسل چاہیئے، بہن مجھے کتاب چاہیئے بجائے اِس کے کہ چوری کی جائے۔

اپنی ضرورت کو خُدا کو بتائے اور خُدا سے کہے کہ میری یہ ضرورت ہے، بنسبت اِس کے کہ لوگوں کو جھوٹا دکھاوا دلاؤں۔یوحنا نے سچ بولا لیکن اپنا سر کٹوانے سے پیچھے نہ ہٹا۔ہمیں بھی یوحنا کی طرح سچ بولنا ہے سو آج ہمیں چاہیئے کہ ہم سچ بولے آج کا پیغام یہی ہے کہ ہم

خُداوند خُدا سے کہے کہ اے خُدا آج مجھے قوت اور طاقت دے تاکہ میں سچ بول سکوں۔ وہ چاہے سکول میں ہو، چاہے گھر میں ہو، چاہے رشتہ داروں کے ساتھ ہو، چاہے بچوں کے ساتھ ہو، چاہے اپنی بیوی کے ساتھ ہو، چاہے ماں باپ کے ساتھ ہو، یا پھر محلے داروں کے ساتھ ہو، کام کرنے والوں کے ساتھ ہو، چاہے ہمارا 1000 کا نقصان ہو جائے بہتر ہے کہ سچ بولو۔

اپنے دل میں یہ کبھی نہ سوچے کہ اگر میں نے سچ بولا تو لوگ کیا کہیں گے، اگر میں نے سچ بولا تو کہی میرے کاروبار کا نقصان نہ ہو جائے، اِن تمام باتوں کی سوچنے کی نسبت ضرور ہے کہ میں سچ بولو۔ اور یسوع مسیح یوحنا کے بارے میں گواہی دیتا ہے کہ مسیح کے علاوہ جتنے بھی عورتوں سے پیدا ہوئے ہے اُن میں سے یوحنا سے بڑھ کر کوئی نہیں ہے۔ کیوں یسوع مسیح نے یوحنا کو بڑھا کر دیا؟ کیونکہ اُس نے اپنے آپ کو چھوٹا کرنا سیکھا تھا وہ زکریاہ اور الیشبع کا بیٹا ہو کر ایک قاہن کا بیٹا ہو کر اچھے گھر میں رہنا پسند نہیں کرتا بلکہ وہ بیابان میں رہتا ہے اِسی لئے اُس کے بارے میں کہا گیا کہ بیابان میں پکارنے والے کی آواز آتی ہے کہ خُداوند کی راہ تیار کرو اُس کے راستے سیدھے بناؤ ہر ایک گھاٹی بھر دی جائے گی جو ٹیڑھا ہے وہ سیدھا کیا جائے گا جو اُونچا ہے وہ نیچا کیا جائے گا۔ آج ہمارے لئے یہی سبق ہے چاہے ہمارا نقصان ہو ہم سچ بولے، چاہے وقتی طور پر ہمارے ماں باپ ہم سے ناراض ہو ہم سچ بولے، چاہے وقتی طور پر ہمارا دوست ہم سے ناراض ہو ہم سچ بولے تاکہ ہماری گواہی سے لوگ کہے کہ خُداوند کی تعریف ہو اور اگر آپ ایسا کریں گے تو ہو سکتا ہے آج کا دِن آپ سب کیلئے ایک خوشخبری کا دن ہو۔ خُداوند آپ سب کو آج کلام کے وسیلہ سے برکت دے۔

# آمین!

پیغام: ................ (انجیل کا قرضدار) پادری فیصل جان

میسج ٹائپر: ................ (بائبل کا طالبِ علم) شیراز لطیف

## گریس بائبل چرچ پاکستان

خُدا کے کلام کو مزید سیکھنے کے لیے وزٹ کریں ہماری ویب سائٹ

www.gbcpakistan.org